MULTAN ELECTRIC POWER COMPANY
MEPCO

# میپکو میگ ملتان

جون 2013ء



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو
انجینئر اقبال حسین ملیزئی

## میپکو ریجن میں 5 نئی سب ڈویژنوں کے قیام کی منظوری

## واپڈا ٹاؤن فیز II (توسیع) قرعہ اندازی



شعبہ تعلقاتِ عامہ میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان

# ناشکری کا عارضہ



کاوش: میاں محمد سہیل افضل
ڈپٹی منیجر ٹریننگ اینڈ مین پاور میپکو

ایک روز ہم ڈیرے پر بیٹھے ہوئے تھے اور میں نے بابا جی سے پوچھا کہ شکر کیا ہوتا ہے، مسکرائے اور کہنے لگے ''شکر وہ ہے جو نہیں کیا جاتا ہے۔'' کہنے لگے:

کبھی اپنی بُوتھیاں (شکلیں) دیکھی ہیں۔تم سے کئی ریڑھی والے، پھل فروش اور مزدور خوبصورت اور قوی جسم کے مالک ہوں گے لیکن اس کے باوجود تم ان سے بہتر ماحول میں رہتے ہو۔اچھا کھاتے ہو پہنتے ہو۔

یہ شکر والی بات ہے لیکن اس سب کے باوجود شکر نہیں کیا جاتا۔

فرمانے لگے (اس دن بابا جی کچھ زیادہ ہی موج میں تھے)

مومن وہ ہوتا ہے جس کے ہاتھ میلے اور گندے ہوں اور اس کا دل صاف اور شفاف ہو۔ وہ ہر حال میں اللہ کا تہہ دل سے شکر گزار ہو۔

خواتین وحضرات! بابا جی کی وہ بات سن کر جب میں نے اپنے گریبان میں جھانکا تو سوائے خداوند تعالیٰ سے شکوؤں کے کچھ نہ تھا۔ شکر گزاری نام کی کوئی چیز دور دور تک نہ تھی۔ میں اپنی دانش، عقل اور پڑھائی کے زُعم میں ہی کبڑا ہوا جا رہا تھا۔سجدہ شکر کے لئے میری کمر میں خم نہیں تھا۔

میں نے تہیہ کیا کہ اب تو میں اللہ کا شکر گزار بندہ بن کر ہی رہوں گا لیکن بچو! یہ ممکن نہیں ہوسکا اور یہ خواہش میرے دل کے اندر ہی اندر رہے، باہر نکل کر عملی شکل اختیار نہیں کر پائی اور میں یہ سوچ ہی رہا تھا کہ اب میں نے بس اللہ کا شکر گزار بندہ بن جانا ہے۔اچانک لائٹ چلی گئی اور میں اپنے آپ سے کیا ہوا سارے کا سارا وعدہ بھول گیا اور میرے ذہن میں یہ شکوہ آیا کہ واپڈا والوں کو بھی سوائے بجلی بند کرنے کے کوئی کام نہیں۔اتنی گرمی ہے اور ایسے میں بجلی بند کرنے کا کیا جواز بنتا ہے۔ میں نے یہ نہیں سوچا کہ ہوسکتا ہے، یہ بجلی کی اچانک بندش کسی انسان کے لئے باعث رحمت بنی ہو اور کسی کے جسم کو کرنٹ نے چھوا ہو اور بجلی کی اچانک بندش نے وہ خوبصورت زندگی بچادی ہو اور ہوسکتا ہے، وہ بچنے والا شخص پورے خاندان کا واحد کفیل ہو اور کتنا خدا ترس ہو۔

لیکن ناشکری کی بیماری ہمارے وجود میں ایسے سرایت کر چکی ہے اور اس کی جڑیں اتنی مضبوط ہو چکی ہیں کہ ہم انہیں کاٹنے سے عاجز ہیں۔

اشفاق احمد کی کتاب ''زاویہ'' سے اک اقتباس

# میپکو میٹ ملتان

مدیر اعلیٰ: ظفر اقبال اعوان
ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن

مدیر: جمشید عالم نیازی
ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز

MULTAN ELECTRIC POWER COMPANY
MEPCO

جلد نمبر 05 | شمارہ 05 | جون 2013ء | کل صفحات 22


## نئی حکومت، لوڈ شیڈنگ اور ڈسٹری بیوشن کمپنیز

گزشتہ عرصے میں بجلی کی تقسیم کار کمپنیز نے لوڈ شیڈنگ اور ٹیرف میں اضافہ کے مسئلہ پر عوام کے غیض وغضب کا نہ صرف سامنا کیا بلکہ شدید مالی نقصان بھی اٹھایا۔ بجلی کی طلب اور رسد کے معاملات میں ڈسٹری بیوشن کمپنیز کا کردار نہ ہونے کے برابر ہے چونکہ یہی دفاتر پورے سسٹم کی فرنٹ لائن کے طور پر کام کرتے ہیں اور عوام کی پہنچ میں ہیں لہذا انہیں اس کا خمیازہ دفاتر پر حملوں، عمارتوں کی تباہی اور عملہ پر تشدد کی صورت میں بھگتنا پڑا۔ اس تمام عرصہ میں ڈسٹری بیوشن کمپنیز صارفین اور عوام الناس میں یہی شعور اجاگر کرنے کی کوشش کرتی رہیں کہ بجلی کی پیداوار میں ان کا کوئی کردار نہیں، انہیں جتنی بجلی ملتی ہے وہ اتنی ہی پوری تندہی سے صارفین تک پہنچانے میں کوشاں ہیں۔ دوسری طرف بجلی کی کمیابی کی وجہ سے عوام میں بجلی کی بچت کا شعور اجاگر کرنا بھی ان کی ذمہ داری ٹھہری اور اس پر بلاشبہ بہت کام ہوا۔

فرنس آئل سے بجلی کی تیاری اور گیس کی کمیابی کے باعث بجلی کی قیمتوں میں بے انتہا اضافہ ہوا جس کی وجہ سے بجلی کی چوری کی شرح میں بھی بہت زیادہ اضافہ ہو گیا جس کی وجہ سے کمپنیز مزید مالی خسارے سے دوچار ہوئیں۔ ان تمام مسائل نے ملک کے پاور سیکٹر کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ اس پر مستزاد یہ کہ انتظامی سطح پر تقسیم کار کمپنیاں بہت زیادہ دباؤ میں رہیں جس کی وجہ سے اہل افراد کو کام کرنے کا موقع ہی نہیں مل سکا۔

ملک میں نئی حکومت کی آمد آمد ہے عوام کے ساتھ ساتھ بجلی کی تقسیم کار کمپنیاں بھی لوڈ شیڈنگ اور مہنگے ٹیرف سے پریشان ہیں۔ بجلی سستی اور مسلسل ہوگی تو یہ ادارے سروس کی کوالٹی بہتر بنانے پر توجہ دیں گے اور بجلی چوری میں کمی آنے سے لائن لاسز میں کمی ہوگی اور ریکوری میں اضافہ ہوگا۔ تقسیم کار کمپنیز کی انتظامیہ اور ملازمین چاہتے ہیں کہ وہ صارفین کو بہترین سہولیات فراہم کریں۔

نئی حکومت سے انہیں بھی امید ہے کہ وہ سرکلر ڈیٹ کے خاتمے کے لئے اقدامات اٹھائے۔ سستی بجلی کی پیداوار کے منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو سستی بجلی فراہم کی جا سکے۔ بجلی چوروں کے خلاف کاروائی کے لئے پولیس کو ہدایات جاری کی جائیں کہ وہ تقسیم کار کمپنیز کے ساتھ تعاون کرے اور تحصیلدار ریکوری بھی فراہم کئے جائیں تاکہ نادہندگان سے ڈوبی ہوئی رقوم حاصل کی جا سکیں۔ عوام کی طرح تقسیم کار کمپنیز بھی حکومت سے بہت سی امیدیں رکھتی ہیں جو انشاءاللہ ضرور پوری ہوں گی۔

## اس شمارے میں


| مضامین | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| ناشکری کا عارضہ (اقتباس) | 1 |
| بورڈ آف ڈائریکٹرز | 3 |
| تعارف چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو | 4 |
| الوداعی تقاریب انجینئر محمد شکیل | 5 |
| الوداعی تقاریب چیف انجینئرز | 7 |
| ملازمین کیلئے منعقدہ 51ویں ریٹائرمنٹ تقریب | 9 |
| ڈیلی ویجز پر ملازمین کے بچوں کی بھرتیاں | 10 |
| واپڈا ٹاؤن اجلاس + قرعہ اندازی | 11 |
| اجلاس ملتان سرکل | 12 |
| ایس ایز کانفرنس | 13 |
| صنفی برابری کے موضوع پر منعقدہ ورکشاپ | 14 |
| میپکو کی کارکردگی | 15 |
| اعلانات + پروموشن | 16 |
| بجلی بچت واک | 18 |
| گرڈ اسٹیشنز پر اے ایم آر میٹرز کی تنصیب | 19 |
| بجلی بچت سیمینار | 20 |
| اللہ کے ناپسندیدہ لوگ (مضمون) | 21 |
| رجب المرجب (مضمون) | 22 |



فوٹو گرافی: جواد احمد
ڈیزائننگ: سید محمد کلیم شاہ
پرنٹر: ایس حیدر پرنٹرز ملتان
ویب ایڈیشن: خرم جاوید



www.mepco.com.pk
For Con:061-9220062
For Feedback:dmprmepco@gmail.com



شعبہ تعلقات عامہ ملتان الیکٹرک پاور کمپنی خانیوال روڈ ملتان سے شائع کیا گیا

# BOD نے 5 نئے سب ڈویژنوں کے قیام کی منظوری دے دی

**میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کا میپکو میں منصوبوں کی تکمیل پر اطمینان کا اظہار**

**بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 87 اور 88 ویں اجلاس چیئرمین میاں رحمٰن نسیم کی زیرِ صدارت میپکو ہیڈ کوارٹرز میں منعقد ہوئے**

**ڈین آرٹس اینڈ سوشل سائنسز بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان ڈاکٹر ایاز محمد سرکاری حیثیت میں خالی آسامی پر بورڈ ڈائریکٹر تعینات**

**میپکو نے رواں مالی سال کے دوران ٹرانسمیشن اینڈ ڈسٹری بیوشن لاسز میں 1.3 فیصد اور ٹرانسمیشن لاسز میں 1.5 فیصد کمی کی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر محمد شکیل کی بورڈ کو بریفنگ**

**ستمبر 2012ء تا مارچ 2013ء تک میپکو ریجن میں مجموعی طور پر ایک لاکھ 50 ہزار 503 نئے کنکشنز فراہم کئے گئے**

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) بورڈ آف ڈائریکٹرز کا 88 واں اجلاس چیئرمین میاں رحمٰن نسیم کی زیرِ صدارت میپکو ہیڈ کوارٹرز میں منعقد ہوا جس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر محمد شکیل، بورڈ ڈائریکٹرز ڈاکٹر مجاہد علی، خالد مسعود، سردار نور الحق جھنڈیر، عامر ہارون تنگوانی، راحت بانو، انیس احمد شیخ، کمپنی سیکرٹری شہباز احمد خان اور سٹاف آفیسر علی اکرم گجر نے شرکت کی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر محمد شکیل نے بورڈ کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ میپکو نے رواں مالی سال 13-2012ء کے دوران ٹرانسمیشن اینڈ ڈسٹری بیوشن لاسز میں 1.3 فیصد اور ٹرانسمیشن لاسز میں 1.5 فیصد کمی کی ہے جبکہ ڈسٹری بیوشن لاسز گزشتہ مالی سال کے برابر رہے ہیں۔ مالی سال 12-2011ء کے پہلے 9 ماہ میں ٹی اینڈ ڈی میں 17 فیصد تھے جو رواں مالی سال میں 1.3 فیصد کمی سے 15.7 فیصد پر آ گئے ہیں۔ ٹرانسمیشن لاسز 1.5 فیصد کمی سے 3.8 فیصد سے کم ہو کر 2.3 فیصد پر آ گئے۔ ستمبر 2012ء سے مارچ 2013ء تک 71 ہزار 536 بجلی چوروں کو 63 کروڑ 69 لاکھ 80 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا جس میں سے 34 کروڑ 68 لاکھ 70 ہزار روپے وصول کئے گئے۔ ریکوری اور لائن لاسز کے اہداف حاصل نہ کرنے والے 100 سے زائد افسران و ملازمین کے خلاف محکمانہ کارروائی کی گئی۔ رواں مالی سال کے دوران صارفین سے بلنگ کی مد میں 76 ارب 16 کروڑ 52 لاکھ روپے وصول کئے گئے جس سے ریکوری کی شرح 92.41 فیصد رہی۔ گھریلو صارفین سے 30 ارب 40 کروڑ روپے ریکوری کے ساتھ شرح 100.66 فیصد، کمرشل صارفین سے 8 ارب 39 کروڑ 53 لاکھ روپے وصولیوں کے ساتھ شرح 100.37 فیصد، صنعتی صارفین سے 24 ارب روپے سے زائد ریکوری کے ساتھ شرح 93.69 فیصد، بلک سپلائی صارفین سے ایک ارب 44 کروڑ 70 لاکھ روپے وصولی کے ساتھ شرح 96.36 فیصد، زرعی ٹیوب ویل صارفین سے 11 ارب 60 کروڑ 43 لاکھ روپے وصولیوں کے ساتھ شرح 70.79 فیصد اور دیگر صارفین سے 30 کروڑ 88 لاکھ روپے وصولی کے ساتھ شرح 93.78 فیصد رہی۔ چیف



چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز میاں رحمٰن نسیم میپکو ہیڈ کوارٹرز میں منعقدہ 88 ویں اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

# انجینئر اقبال حسین ملیزئی چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو



جنرل منیجر ٹیکنیکل میپکو اقبال حسین ملیزئی نے چیف ایگزیکٹو آفیسر کے عہدے کا اضافی چارج سنبھال لیا۔اقبال حسین ملیزئی نے 8جولائی 1978ء میں واپڈا میں بطور جونیئر انجینئر لیسکو سے سروس کا آغاز کیا۔بطور اسسٹنٹ منیجر آپریشن فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) فرائض سرانجام دیئے۔نومبر1982ء میں فیسکو سے ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) ٹرانسفر ہوا اور بطور اسسٹنٹ منیجر آپریشن کبیر والہ،سٹی ملتان، ولایت آباد ملتان، بوریوالہ سٹی، خانیوال فرسٹ سب ڈویژنوں اور پراجیکٹ کنسٹرکشن ڈائریکٹوریٹ میں خدمات سرانجام دیں۔1991ء میں ایگزیکٹو انجینئر کے عہدے پر ترقی ہوئی اور مظفر گڑھ ڈویژن میں تعینات ہوئے۔1992ء میں پھر میپکو میں بطور ڈپٹی منیجر کسٹمر سروسز تعینات ہوئے اور ڈپٹی منیجر آپریشن ڈی جی خان ڈویژن، ڈپٹی منیجر سرویلنس، سینئر انسٹرکٹر ٹریننگ سنٹر ملتان، ڈپٹی منیجر ای ایل آر اور ڈپٹی منیجر کنسٹرکشن میپکو ملتان کی ذمہ داریاں بھی سنبھالیں۔2008ء میں منیجر کے عہدے پر ترقی پائی اور منیجر پراجیکٹ کنسٹرکشن تعینات کیا گیا۔اپریل 2012ء میں چیف انجینئر کے عہدے پر ترقی پائی اور چیف انجینئر پلاننگ اینڈ انجینئرنگ تعینات ہوئے اور انہیں 22مارچ 2013کو چیف انجینئر سے جنرل منیجر کے عہدے پر ترقی دی گئی اور میپکو میں جنرل منیجر ٹیکنیکل تعینات کیا گیا۔

---

ایگزیکٹو آفیسر میپکو نے بورڈ کو بتایا کہ ریکوری کی شرح کم ہونیکا سبب ٹیوب ویل صارفین کی طرف سے بلوں کی عدم ادائیگی ہے جس پر بورڈ نے ہدایت جاری کیں کہ ریکوری بہتر کرنے کے لئے تمام ممکنہ اقدامات اٹھائے جائیں۔انہوں نے بتایا کہ ستمبر 2012ء تا مارچ 2013ء تک میپکو ریجن میں مجموعی طور پر ایک لاکھ 50ہزار 503 نئے کنکشنز فراہم کیئے گئے جن میں ایک لاکھ 37ہزار 763 گھریلو، 9ہزار 551 کمرشل، ایک ہزار 222 صنعتی، ایک ہزار 806 ٹیوب ویل اور 161 دیگر کنکشنز شامل ہیں۔انہوں نے بتایا کہ مالی سال 09-2008ء سے مالی سال 13-2012ء کے دوران سیکنڈری ٹرانسمیشن اینڈ گرڈ سسٹم (ایس ٹی جی) پروگرام کے تحت گرڈ اسٹیشنوں کے 137اور 214 کلومیٹر طویل ٹرانسمیشن لائنوں کے 16 منصوبے مکمل کیئے جن پر 11ارب 67 کروڑ 92لاکھ 63 ہزار روپے خرچ ہوئے جبکہ 6ارب 19 کروڑ روپے مالیت سے گرڈ اسٹیشنوں کے 31 منصوبے اور 395 کلومیٹر طویل ٹرانسمیشن لائنوں کے 19 منصوبے زیر تکمیل ہیں۔مالی سال 13-2012ء میں سسٹم کی استعداد کار میں توسیع کے پلان کے تحت 11KV فیڈرز اور ہائی ٹینشن کپیسٹرز کے 80 منصوبے 26 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل کیئے گئے۔ایل ٹی پروزلز کے 105، ٹو فیز ٹرانسفارمرز کے 150، ٹرانسفارمرز کی استعداد کار میں توسیع کے 705اور 38ہزار 955 انرجی میٹرز تبدیل کیئے ان منصوبوں پر 48 کروڑ روپے خرچ کیئے گئے۔میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز نے منصوبوں کی تکمیل اور جاری منصوبوں پر اطمینان کا اظہار کیا اور کمپنی کی کارکردگی مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔بورڈ نے ڈین آرٹس اینڈ سوشل سائنسز بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان ڈاکٹر ایاز محمد کوان کی سرکاری حیثیت میں خالی آسامی پر بورڈ ڈائریکٹر تعینات کیا ہے۔ورلڈ بینک کے مالی تعاون سے 132KV گرڈ اسٹیشن لڈن سے منسلک 11KV نادروالی فیڈر کی ری کنڈکٹرنگ اور دو حصوں میں تقسیم کرنے کی منظوری دی۔ٹرانسفارمرز ری کلمیشن ورکشاپ کے لئے ایک لوٹینشن وائنڈنگ اور ایک ہائی ٹینشن وائنڈنگ مشین خریدنے کی منظوری بھی دی۔اس سے قبل ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 87 ویں اجلاس میں پانچ نئی سب ڈویژنوں تلمبہ، چنی گوٹھ سب ڈویژن، شادن لنڈ، جلہ اور سکنڈ سب ڈویژن دنیاپور کے قیام کی منظوری دی۔132KV استعداد کار کے جلال پور پیروالہ گرڈ اسٹیشن، مخدوم پور پہوڑاں گرڈ اسٹیشن، فاضل پور آپریشن سب ڈویژن شجاع آباد سب ڈویژن، سکندر آباد سب ڈویژن اور آئل ری جنریشن پلانٹ ٹرانسفارمرز ری کلیمیشن ورکشاپ کے لئے اضافی سٹاف تعینات کرنے کی منظوری بھی دی۔

اجلاس میں جونیئر سپرینٹنڈنٹ کی بنیادی سکیل 15 سے بنیادی سکیل 16 میں اپ گریڈیشن، پراجیکٹ کنسٹرکشن ڈائریکٹوریٹ میپکو میں ترقیاتی منصوبوں کے لئے ڈیلی ویجز پر لیبر بھرتی کرنے، انڈسٹریل اسٹیٹ فیز II ملتان میں کوکا کولا بیوریجز کے لئے 132KV استعداد کار کا انڈی پینڈنٹ گرڈ اسٹیشن قائم کرنے کی منظوری بھی دی گئی۔200KV استعداد کار کے 440، 25 کے وی اے استعداد کار کے 650 ٹرانسفارمرز، 10ہزار ہائی ٹینشن پولز اور 10 ہزار لوٹینشن پولز، 80ہزار لیٹر ٹرانسفارمرز آئل سمیت دیگر میٹریل بھی خریدنے کی منظوری دی۔

# انجینئر محمد شکیل نے میپکو کے لئے ناقابل فراموش خدمات سرانجام دیں

### انجینئر اقبال حسین ملیزئی چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اقبال حسین ملیزئی نے کہا ہے کہ ان کے پیش رو انجینئر محمد شکیل نے میپکو کے لئے ناقابل فراموش خدمات سرانجام دی ہیں ۔ان کی ان تھک محنت ، قابلیت اور دیانتداری کو میپکو ملازمین اور صارفین ہمیشہ یاد رکھیں گے ۔ہمیں ان کی کمی ہر لمحہ محسوس ہوگی ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے میپکو آفیسرز کی جانب سے اپنے اور ریٹائر ہونے والے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر محمد شکیل کے اعزاز میں منعقدہ خوش آمدید/الوداعی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ میپکو آفیسرز کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے انہیں اس طرح سے خوش آمدید کہا۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ تمام افسران ایک ٹیم کی طرح کام کریں گے اور میپکو میں مزید بہتری آئے گی ۔اس موقع پر سابق چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر محمد شکیل نے اس موقع پر کہا کہ میری دعا ہے کہ نئے میپکو چیف کامیابی سے اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ براہوں




میپکو آفیسرز کی جانب سے ریٹائر ہونے والے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر محمد شکیل اور نئے چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اقبال حسین ملیزئی کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے دونوں افسران خطاب کر رہے ہیں میپکو ہیڈ کوارٹر کے افسران تقریب میں شریک ہیں۔

۔میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ میری سروس کا دورانیہ خوش اسلوبی اور عزت سے گزر گیا۔میری کامیابی کا کریڈٹ میری ٹیم کو جاتا ہے کمپنی کا سربراہ اکیلا کچھ نہیں کرسکتا۔انہوں نے کہا کہ جدید دور میں نئی ٹیکنالوجی اپنا کر ہم کمپنی کے نقصانات میں کمی کر سکتے ہیں ۔انہوں نے تمام آپریشنل افسران کو ہدایت کی کہ کسٹمر سروس کو بہتر بنائیں ۔صارفین کو سہولیات فراہم کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں ۔ایکسین عہدے کے افسران اپنے کام سے کمپنی کو ترقی دیں ہم سب کا فائدہ بھی اسی میں ہے ۔انہوں نے کہا کہ میں تمام افسران کا شکر گزار ہوں کہ آپ سب میری حوصلہ افزائی کے لئے اکٹھے ہوئے ۔منیجر کمرشل ملک امتیاز احمد نے اس موقع پر کہا کہ ریٹائر ہونے والے میپکو چیف نے اپنی صلاحیتوں سے کمپنی کو فائدہ پہنچایا۔نقصانات اور میٹریل کی کمی کو پورا کرنے کے لئے ان تھک محنت کی ۔میٹریل کی فراہمی میں اس وقت میپکو خود کفیل ہے ۔انہوں نے شعبہ ڈویلپمنٹ میں بے انتہا کام کیا میپکو کے لاسز دوسری کمپنیوں کے مقابلے میں نمایاں کمی آئی ہے ۔تقریب میں جنرل منیجر آپریشن عبدالمتین خان، ڈائریکٹر ہیومن ریسورسز اینڈ ایڈمنسٹریشن میپکو ظفر اقبال اعوان، سابق آفیسرز اعجاز بخاری، مہر خان، انجم نوید آرائیں، حافظ اشرف علی، ہمایوں خان سدوزئی، محمد رمضان قمر، فنانس ڈائریکٹر میاں انصار احمد، ایڈیشنل ڈی جی آئی ایس میاں ندیم احمد، چیف انجینئر ڈویلپمنٹ شہباز احمد خان، چیف انجینئر پلاننگ محمد ارشد، چیف انجینئر سعید احمد ناصر، چیف انجینئر ٹی اینڈ جی عبدالرشید طارق ، ایڈیشنل ڈی جی انوینٹری کنٹرول محمد یوسف گلیانی، منیجر ایچ آر ایم امام احمد، منیجر ایڈمن لیاقت علی میمن، ایڈیشنل منیجر ایچ آر ایم جلیل الرحمٰن، منیجرز شاہد حمید چوہان، میاں محمد علی، جہانگیر بھٹہ، ملک سعید وینس، میجر (ر) فرخ جاوید گھمن، راؤ ضیاء الرحمٰن، جہانگیر خان، محمد الیاس، شیخ وزیر احمد، خواجہ حبیب الرحمٰن، امجد صدیق، سٹاف آفیسر علی اکرم گجر، ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی، ڈپٹی منیجرز میجر (ر) انجم افروز رانا، محمد اکرم بھٹی، خواجہ اورنگزیب صدیقی و دیگر نے شرکت کی۔

# سینئر انجینئرز نے میپکو کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے اپنی تمام صلاحیتوں کو استعمال کیا

انجینئر اقبال حسین ملیزئی
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

**ریٹائر ہونے والے چیف ایگزیکٹو انجینئر محمد شکیل، چیف انجینئرز محمد رمضان قمر اور فیض کھوسہ کے اعزاز میں منعقدہ الوداعی عشائیے سے خطاب**



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اقبال حسین ملیزئی، ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن ظفر اقبال اعوان، فنانس ڈائریکٹر میاں انصار احمد، جنرل منیجر آپریشن عبدالمتین خان، چیف انجینئرز عبدالرشید طارق، سعید احمد ناصر اور دیگر افسران کا میپکو آفیسرز کی جانب سے ریٹائر ہونے والے چیف ایگزیکٹو انجینئر محمد شکیل، چیف انجینئرز محمد رمضان قمر اور فیض کھوسہ کے اعزاز میں منعقدہ الوداعی عشائیے کے موقع پر گروپ فوٹو۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اقبال حسین ملیزئی نے کہا ہے کہ ریٹائرمنٹ ایک بھرپور زندگی کا اختتام نہیں ہے بلکہ یہ اس زندگی کا آغاز ہے جس میں ریٹائرڈ افسران اپنی ذات کو وقت دیتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میپکو آفیسرز کی جانب سے ریٹائر ہونے والے چیف ایگزیکٹو انجینئر محمد شکیل، چیف انجینئرز محمد رمضان قمر اور فیض کھوسہ کے اعزاز میں منعقدہ الوداعی عشائیے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ انجینئر محمد شکیل محکمہ کے ان چند افسران میں سے ہیں جنہوں نے نہایت کامیاب ملازمت کی ہے۔ انتہائی قابل، اپنے کام سے محبت اور توانائی کے منصوبوں کی تکمیل ان کا خاصہ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بطور ان کے جونیئر میں نے ان سے بہت کچھ سیکھا ہے۔ میپکو کے لئے ان کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ بطور چیف ایگزیکٹو ان کا دورانیہ ہم سب کے لئے مثالی رہا۔ انہوں نے اپنی ٹیم کے ممبران کو اعتماد دیا جس سے ان کو اپنی بہترین کارکردگی دکھانے کا موقع ملا اور کمپنی کے نتائج اطمینان بخش رہے۔ ریٹائر ہونے والے چیف ایگزیکٹو انجینئر محمد شکیل نے اس موقع پر کہا کہ میں تمام افسران کا شکر گزار ہوں کہ وہ میری عزت افزائی کے لئے اکھٹے ہوئے اگر ہم نے کچھ حاصل کیا تو وہ ایک ٹیم کی بدولت ہے۔ سب افسران کی کاوشوں سے کمپنی کی کارکردگی میں بہتری آئی ہے۔ ہمہ جہت تجربے کی وجہ سے مجھے اپنی ذمہ داریاں نبھانے میں زیادہ پریشانی نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ انسان کی خوش قسمتی ہے کہ اسے لوگ عزت اور احترام سے رخصت کریں۔ جنرل منیجر آپریشن عبدالمتین خان نے کہا کہ ہم نے سابق چیف ایگزیکٹو آفیسر سے بہت کچھ سیکھا انہوں نے ہماری تربیت بھی کی اور دیئے گئے کمپنی کے اہداف حاصل کرنے میں ہماری مدد کی۔ ان کے رویئے کی وجہ سے افسران میں فیصلہ لینے کی صلاحیت پیدا ہوئی۔ چیف انجینئر ڈویلپمنٹ شہباز احمد خان نے کہا کہ انجینئر محمد شکیل دوریش، شریف اور محنتی انسان ہیں انہیں اپنی ریٹائرمنٹ کے بعد کی زندگی گزارنے میں کوئی مشکل نہیں ہوگی۔ انہوں نے کمپنی کی ترقی کے لئے محنت کی۔ سابق چیف انجینئر محمد رمضان قمر نے کہا کہ میپکو کا دورانیہ ان کی سروس کا بہترین دور ہے یہاں کے لوگوں نے مجھے بے حد پیار اور خلوص دیا جسے میں نہیں بھولوں گا۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض منیجر کمرشل ملک امتیاز احمد نے سرانجام دیئے۔ تقریب میں ڈائریکٹر ہیومن ریسورسز اینڈ ایڈمنسٹریشن میپکو ظفر اقبال اعوان، فنانس ڈائریکٹر میاں انصار احمد، ایڈیشنل ڈی جی آئی ایس میاں ندیم احمد، سابق افسران اعجاز بخاری، مہر خان، انجم نوید آرائیں، شفقت اصغر طاہر، حافظ اشرف علی، خواجہ سہیل احمد، ہمایوں خان سدوزئی، خواجہ خالد، ایڈیشنل ڈی جی انوینٹری کنٹرول محمد یوسف گلیانی، پراجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی شاہد حمید چوہان، منیجر مارکیٹنگ اینڈ ٹیرف فضل اللہ درانی، سٹاف آفیسر علی اکرم گجر، چیف انجینئر محمد ارشد، منیجر ایم اینڈ ٹی احمد الیاس، منیجر ایم اینڈ ٹی II چوہدری محمد اکرم، منیجر سیکیورٹی اینڈ ٹرانسپورٹ میجر (ر) فرخ جاوید گھمن، منیجر پراجیکٹ فنانسنگ خواجہ حبیب الرحمٰن، ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی، آٹھوں سرکلوں کے سپرینٹنڈنگ انجینئر و دیگر نے شرکت کی۔

# محکمہ کی دل و جان سے خدمت کرنے والے افسران سراہنے کے لائق ہیں۔

**چیف ایگزیکٹو میپکو انجینئر محمد شکیل**

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر محمد شکیل نے کہا ہے کہ میپکو سے ریٹائر ہونے والے افسران و ملازمین کو پروقار طریقے سے رخصت کرنے کی روایت سے ریٹائر ہونے والوں کو خوشی ہوتی ہے اور مجھے امید ہے کہ مستقبل میں بھی ایسی تقاریب کا باقاعدہ انعقاد ہوتا رہے گا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریٹائر ہونے والے چیف انجینئر ٹی اینڈ جی میپکو فیض محمد کھوسہ کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ چیف انجینئر فیض محمد کھوسہ نے اپنی 36 سالہ سروس میں مختلف جگہوں پر بہتر انداز



چیف ایگزیکٹو میپکو انجینئر محمد شکیل اور ریٹائر ہونے والے چیف انجینئر ٹی اینڈ جی فیض کھوسہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

اور طریقے سے کام کیا یہی وجہ ہے کہ انہیں ہمیشہ اچھے الفاظ میں یاد کیا جاتا ہے۔انہوں نے محکمہ کی دل و جان سے خدمت کی اور محکمہ کی بہتری کے لئے جو کام کئے وہ سراہنے کے لائق ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان کے شروع کئے گئے منصوبوں پر ان کی ریٹائرمنٹ کے بعد بھی کام جاری رکھا جائے گا۔ریٹائر ہونے والے چیف انجینئر فیض محمد کھوسہ نے کہا کہ میں آپ افسران کا شکر گزار ہوں کہ آپ لوگوں نے مجھے اتنی عزت دی اور محبت سے الوداع کہہ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تمام افسران اپنے کیریئر پر توجہ دیں ادارے کی بھلائی کی ہمیشہ ملحوظ خاطر رکھیں اور صارفین سے ان کا خادم بن کر ملیں ترقی و کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔تقریب میں جنرل منیجر ٹیکنیکل محمد اقبال حسین ملیزئی، جنرل منیجر آپریشن عبدالمتین خان، ڈائریکٹر ہیومن ریسورسز اینڈ ایڈمنسٹریشن میپکو ظفر اقبال اعوان، چیف انجینئر سعید احمد ناصر، چیف انجینئر ڈویلپمنٹ محمد رمضان قمر، منیجر ایچ آر ایم امام احمد، فنانس ڈائریکٹر میاں انصار احمد، ایڈیشنل ڈی جی آئی ایس میاں ندیم احمد، ڈائریکٹر کمرشل ملک امتیاز احمد، منیجر پروکیورمنٹ شہباز احمد خان، ایڈیشنل ڈی جی انوینٹری کنٹرول محمد یوسف گلیانی، سٹاف آفیسر علی اکرم گجر، ایڈیشنل چیف انجینئر محمد ارشد، منیجر ایم اینڈ ٹی ا محمد الیاس، منیجر ایم اینڈ ٹی II چوہدری محمد اکرم، منیجر سیکیورٹی اینڈ ٹرانسپورٹ میجر (ر) فرخ جاوید گھمن، منیجر پراجیکٹ فنانسنگ خواجہ حبیب الرحمٰن اور کیپٹن (ر) سرفراز احمد خان نے شرکت کی۔

چیف انجینئر ڈویلپمنٹ رمضان قمر بھی اپنی مدت ملازمت پوری کر کے محکمہ سے ریٹائر ہو گئے ان کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر محمد شکیل نے کہا کہ عزت کے ساتھ ریٹائرمنٹ ایک سعادت ہے۔سروس شروع ہوتے ہی کاؤنٹ ڈاؤن شروع ہو جاتا ہے۔جو سروس میں آیا ہے اسے ریٹائر ہونا ہے۔انہوں نے کہا کہ پراجیکٹس پر کام کرنے والے افسران کی زندگی بہت مصروف اور مشکل ہوتی ہے۔رمضان قمر نے ملک کے دوسرے شہروں میں پراجیکٹس پر کام کرنے کے بعد میپکو میں کام شروع کیا جو محنت اور لگن سے پایہ تکمیل پہنچائے گئے اس پر وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔ریٹائر ہونے والے چیف انجینئر ڈویلپمنٹ محمد رمضان قمر نے کہا کہ میں نے واپڈا میں 37 سال کی سروس کی اور زیادہ تر سروس شعبہ ٹرانسمیشن اینڈ گرڈ اسٹیشن اور این ٹی ڈی سی میں رہی۔2005ء میں میپکو میں آیا اور مجھے یہاں آکر نہایت خوشی ہوئی۔ملتان کے لوگوں نے مجھے بہت محبت دی۔اتنا پیار دیا کہ مجھے کبھی گھر سے دوری کا احساس تک نہیں ہوا۔یہاں کے لوگوں اور انتظامیہ کا مشکور ہوں۔انہوں نے کہا کہ عہدوں کی

بہت زیادہ اہمیت نہیں آپ اپنے عہدے پر کمپنی اور ملک کے لئے کام کرتے ہیں تو آپ اس بڑے عہدے والے افسر سے بہتر ہیں جو کام کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ سٹیج سیکرٹری/منیجر ایچ آر ایم امام احمد نے کہا کہ ریٹائرمنٹ نوشتہ دیوار ہے جو ہر کسی نے پڑھنا ہے۔ تقریب میں جنرل منیجر ٹیکنیکل محمد اقبال حسین ملیزئی، جنرل منیجر آپریشن عبدالمتین خان، ڈائریکٹر ہیومن ریسورسز اینڈ ایڈمنسٹریشن میپکو ظفر اقبال اعوان، فنانس ڈائریکٹر میاں انصار احمد، ایڈیشنل ڈی جی آئی ایس میاں ندیم احمد، ڈائریکٹر کمرشل ملک امتیاز احمد، منیجر پروکیورمنٹ شہباز احمد خان، ایڈیشنل ڈی جی انوینٹری کنٹرول محمد یوسف گلیانی، پراجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی شاہد حمید چوہان، منیجر مارکیٹنگ اینڈ ٹیرف فضل اللہ درانی، سٹاف آفیسر علی اکرم گجر، ایڈیشنل چیف انجینئر محمد ارشد، منیجر ایم اینڈ ٹی I محمد الیاس، منیجر ایم اینڈ ٹی II چوہدری محمد اکرم، منیجر سیکیورٹی اینڈ ٹرانسپورٹ میجر (ر) فرخ جاوید گھمن، منیجر پراجیکٹ فنانسنگ خواجہ حبیب الرحمٰن، ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی، ڈپٹی آڈیٹر میپکو امجد صدیق نے شرکت کی۔



چیف انجینئر ڈویلپمنٹ محمد رمضان قمر کے اعزاز میں منعقدہ الوداعی تقریب کے موقع پر چیف ایگزیکٹو میپکو انجینئر محمد شکیل جی ایم ٹیکنیکل اقبال حسین ملیزئی، ایچ آر اینڈ ایڈمن ڈائریکٹر ظفر اقبال اعوان اور دیگر افسران کا گروپ فوٹو



چیف انجینئر ڈویلپمنٹ محمد رمضان قمر کے اعزاز میں منعقدہ الوداعی عشائیہ سے چیف ایگزیکٹو میپکو انجینئر محمد شکیل، محمد رمضان قمر، پراجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی شاہد حمید چوہان منیجر پروکیورمنٹ شہباز احمد خان اور ڈپٹی ڈائریکٹر جواد منصور خطاب کر رہے ہیں۔

# کسٹمر سروس ایکسیلنس ٹریننگ فار ٹرینرز

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اور یو ایس ایڈ کے باہمی اشتراک سے کسٹمر سروسز کی اہمیت اور صارفین کی شکایات کے ازالے میں مزید بہتری کے لئے "کسٹمر سروس ایکسیلنس ٹریننگ فار ٹرینرز" کا انعقاد کیا گیا۔ اس سلسلہ میں ریونیو آفیسرز عہدے کے افسران نے اسلام آباد میں تربیت حاصل کی۔ بعد ازاں میپکو ریجنل ٹریننگ سنٹر میں دوروزہ تربیت کا انعقاد ہوا جس میں ریونیو آفیسر میپکو موسیٰ پاک ڈویژن جاوید اختر، ریونیو آفیسر ممتاز آباد ڈویژن اسد حماد، سب ڈویژنل آفیسر بوسن روڈ ملتان بابر گجر اور دیگر ملازمین نے شرکت کی۔ افسران نے ملازمین کو صارفین کی اہمیت، سروس فراہمی کا معیار اور صارفین کے مسائل حل کرنے کے بارے میں آگاہی دی۔ اب یہ افسران مزید میپکو افسران و ملازمین کو تربیت فراہم کریں گے۔

# ریٹائر ہونے والے ملازمین نے دن رات محکمہ کی خدمت کی۔

**اقبال حسین ملیزئی**
**چیف ایگزیکٹو میپکو**

چیف ایگزیکٹو میپکو انجینئر اقبال حسین ملیزئی نے کہا ہے کہ ریٹائر ہونے والے ملازمین نے دن رات محکمہ کی خدمت کی اور اس خدمت کے صلہ میں محکمہ انہیں آج باعزت طریقے سے رخصت کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میپکو ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ 51 ویں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ تمام ریٹائرڈ ملازمین دعا کریں کہ محکمہ آئندہ بھی ترقی کرے، میں اس محنت اور خدمت کے صلہ میں محکمہ کی طرف سے آپ لوگوں کا بہترین سروس کرنے پر شکر گزار ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ریٹائرمنٹ کے بعد بھی افسران آپ لوگوں کو نہیں بھولیں گے اور ہمیشہ آپ کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں گے۔ اس موقع پر چند ملازمین نے چیف ایگزیکٹو میپکو کو مسائل سے بھی آگاہ کیا جس پر انہوں نے شعبہ ایڈمن کے افسران کو ہدایت کی کہ تمام مسائل فوری طور پر حل کئے جائیں اور ریٹائرمنٹ کے بعد بھی ان لوگوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر سنے جائیں۔ منیجر ایچ آر ایم امام احمد نے کہا کہ پورے پاکستان میں میپکو واحد کمپنی ہے جہاں ریٹائر ہونے والے ملازمین کے لئے باقاعدگی سے ریٹائرمنٹ تقریب جاری ہیں اور میپکو ریٹائر ہونے والے ملازمین کے لئے واجبات اور پنشن بکس بروقت پہنچا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ لوگوں سے درخواست ہے کہ پنشن میں ملنے والی رقم کو بہتر انداز میں خرچ کریں اور اسے ضائع نہ کریں تاکہ آپ کی باقی زندگی خوشحالی سے ساتھ گزرے۔ منیجر ایڈمن لیاقت میمن نے کہا کہ دوران ملازمت دین کی جانب سے کوتاہی ہو جاتی ہے اب اللہ تعالیٰ نے آپکو موقع دیا ہے کہ آپ اس سے حضور پیش ہوں۔ نماز باقاعدگی سے ادا کریں اور اپنے لئے، ہم سب کے لئے، کمپنی کے لئے، ملک کے لئے دعا کریں کہ ہماری مشکلات ختم ہوں اور آسانیاں پیدا ہوں۔ ایڈیشنل منیجر ایچ آر ایم میپکو جلیل الرحمٰن نے کہا کہ ریٹائرڈ ملازمین کے ساتھ ہمارا تعلق ختم نہیں ہوگا تمام معاملات ساتھ چلتے رہیں گے اور ہم کوشش کریں گے آپکو سہولیات فراہمی کی ذمہ داری ہم بطریق احسن نبھائی جائے۔ میپکو کے دروازے تمام ریٹائرڈ ملازمین کے لئے ہمیشہ کھلے رہیں گے۔ تقریب میں ڈپٹی منیجر ٹی اینڈ ایم پی میاں محمد سہیل افضل، ڈپٹی منیجر انکوائریز وقاص چغتائی، ڈپٹی منیجر کارپوریٹ اکاؤنٹس سعید احمد خان، ڈپٹی منیجر ریجنل ٹریننگ سنٹر سید شوکت حسین بخاری، اسسٹنٹ ڈائریکٹرز ایڈمن ملک اعجاز، محمد وجاہت علی بچہ، حیدر عثمان، اقبال منور، کلیم اللہ قریشی، شفیق عاصم، سمیع اللہ قریشی، خرم جاوید، نمائندہ پیغام یونین سی بی اے پرویز صفدر، نمائندہ ہائیڈرو یونین چوہدری خالد اور دیگر نے شرکت کی۔ بعدازاں ریٹائر ہونے والے 22 ملازمین خالد حسین، شرافت علی، اللہ دتہ، محمد افضل، بشیر احمد، محمد سلیم، عطاء اللہ، محمد یعقوب، ملک سیف اللہ، سید خورشید احمد، غلام قادر، منظور حسین، محمد شریف، مشتاق احمد، سراج دین، عبدالکریم، لیاقت علی، محمد اسلم، محمود عالم، شیر محمد اور امیر احمد زیدی، عبدالستار اور غلام محمد میں پنشن بکس، واجبات کے چیک اور تحائف تقسیم کئے گئے۔



چیف ایگزیکٹو میپکو انجینئر اقبال حسین ملیزئی میپکو ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ 51 ویں تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اقبال حسین ملیزئی

# ملازمین کے بچوں کو کمپنی میں ملازمت کی فراہمی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔

**نئے بھرتی ہونے والے تمام افراد اپنا کام نیک نیتی اور جانفشانی سے کریں۔ چیئرمین ایچ آر کمیٹی میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز خالد مسعود خان**

**آجکل ملک میں روزگار کی قلت ہے۔ ڈائریکٹر ہیومن ریسورسز اینڈ ایڈمنسٹریشن میپکو ظفر اقبال اعوان**

چیف ایگزیکٹو میپکو انجینئر اقبال حسین ملیزئی نے کہا ہے کہ دوران ملازمت فوت یا معذور ہو جانے والے میپکو ملازمین کے بچوں کو کمپنی میں ملازمت کی فراہمی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری سے انتظامیہ نے ایسے ملازمین کا خیال رکھتے ہوئے خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر 115 افراد کو ملازمت فراہم کی ہے جو کہ نہایت احسن اقدام ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میپکو ہیڈ کوارٹرز میں 2006ء سے قبل دوران ڈیوٹی فوت یا معذور ہونے والے ملازمین کے بچوں میں تقرر نامے تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے امید ہے کہ یہ افراد بہترین طریقے سے اپنے فرائض سرانجام دیں گے۔ چیئرمین ایچ آر کمیٹی میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز خالد مسعود خان نے کہا کہ آپ ان خوش قسمت لوگوں میں سے ہیں جن کے پاس تعلیم کی کمی تھی لیکن میپکو نے بناء کسی دباؤ کے انسانی ہمدردی اور میرٹ کی بنیاد پر ملازمتیں فراہم کی ہیں جو کہ ہمارے معاشرے میں رائج زور آوری کے ماحول میں ایک جرات مندانہ اقدام ہے۔ نئے بھرتی ہونے والے تمام افراد اپنا کام نیک نیتی اور جانفشانی سے کریں اور میپکو انتظامیہ، بورڈ آف ڈائریکٹرز کے لئے دعا کریں۔ ڈائریکٹر ہیومن ریسورسز اینڈ ایڈمنسٹریشن میپکو ظفر اقبال اعوان نے کہا کہ آجکل ملک میں روزگار کی قلت ہے۔ میپکو انتظامیہ اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے دوران سروس معذور ہونے اور انتقال کرنے والے ملازمین کے بچوں کو انسانی ہمدردی اور میرٹ پر نوکریاں دینے کا فیصلہ کیا اور یہ ملازمت کسی سفارش یا دباؤ کے تحت نہیں دی گئی ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ آپ لوگ ہر طرح کے لالچ اور دباؤ سے بالاتر ہو کر اسی طرح اپنا کام کریں گے جس طرح سے آپ لوگوں کو یہ ملازمتیں فراہم کی گئی ہیں۔ بعد ازاں بھرتی ہونے والے افراد میں ان کے تقرر نامے تقسیم کئے گئے۔ تقریب میں سٹاف آفیسر علی اکرم گجر، ڈپٹی منیجر ٹی اینڈ ایم پی میاں محمد سہیل افضل اور ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی بھی موجود تھے۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اقبال حسین ملیزئی، چیئرمین ایچ آر کمیٹی میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز خالد مسعود خان اور ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن ظفر اقبال اعوان میپکو ہیڈ کوارٹرز میں 2006ء سے قبل دوران ڈیوٹی فوت یا معذور ہونے والے ملازمین کے بچوں میں تقرر نامے تقسیم کر رہے ہیں۔



# واپڈا ٹاؤن کے مسائل حل کرنے کے لئے کمیٹیاں قائم کر دی گئیں۔

واپڈا ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی مینجمنٹ کمیٹی کا اجلاس میپکو ہیڈکوارٹرز میں منعقد ہوا جس کی صدارت چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو/صدر واپڈا ٹاؤن مینجمنٹ کمیٹی انجینئر محمد شکیل نے کی۔ اجلاس میں واپڈا ٹاؤن فیز III کے مجوزہ نقشہ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو فیز III کے نقشہ کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے اسے جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ کمیٹی کے ممبران نے واپڈا ٹاؤن فیز III کے مختلف مسائل اجلاس میں پیش کیے جس پر صدر مینجمنٹ کمیٹی نے ان مسائل کے حل کے لئے واپڈا ٹاؤن مینجمنٹ کمیٹی کے ارکان کی کمیٹیاں بنادی ہیں۔ اجلاس میں نائب صدر شفقت اصغر طاہر، سیکرٹری واپڈا ٹاؤن عبدالمجید رند، فنانس سیکرٹری سعید احمد خان، مینجمنٹ کمیٹی کے ارکان راؤ ضیاء الرحمٰن، سید رضا الکبیر غزنوی، محمد یوسف واہلہ، حاجی کاشف ممتاز، مرزا سلیم بیگ، چوہدری مقبول احمد، خواجہ خالد محمود، ملک عارف ونیس، چوہدری خالد و دیگر نے شرکت کی۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر محمد شکیل واپڈا ٹاؤن مینجمنٹ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

# واپڈا ٹاؤن ملتان میں فیز II کے پلاٹوں کی قرعہ اندازی

واپڈا ٹاؤن ملتان میں فیز II کے پلاٹوں کی قرعہ اندازی ہوئی۔ جنرل منیجر ٹیکنیکل میپکو انجینئر محمد اقبال حسین ملیزئی کی سربراہی میں واپڈا ٹاؤن انتظامیہ نے قرعہ اندازی کی جس میں کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ فیز II میں اضافی جگہ پر کل 82 پلاٹوں پر قرعہ اندازی کی گئی جس میں میپکو ملازمین کا کوٹہ 79 فیصد، بیواؤں کا کوٹہ 2 فیصد، ریٹائرڈ ملازمین کا 4 فیصد اور واپڈا و دیگر ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کے ملازمین کا کوٹہ 15 فیصد تھا۔ اس کوٹہ کے تحت 5 مرلہ کے 12، 7 مرلہ کے 22، 10 مرلہ کے 38 اور ایک کینال کے 10 پلاٹ نکالے گئے۔ اس موقع پر سیکرٹری واپڈا ٹاؤن ملتان عبدالمجید رند، ممبر واپڈا ٹاؤن مینجمنٹ کمیٹی پروفیسر مرزا سلیم بیگ، چوہدری مقبول، ڈپٹی ڈائریکٹر واپڈا انٹیلی جنس میجر فیاض احمد، ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی، سٹاف آفیسر علی اکرم گجر اور ایڈمن آفیسر نعیم ارشد سمیت دیگر نے شرکت کی۔



جی ایم ٹیکنیکل میپکو اقبال حسین ملیزئی واپڈا ٹاؤن ملتان میں فیز II کے پلاٹوں کی قرعہ اندازی کر رہے ہیں۔ سیکرٹری عبدالمجید رند، ڈپٹی ڈائریکٹر انٹیلی جنس میجر فیاض احمد، سٹاف آفیسر علی اکرم گجر، ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی اور ایڈمن آفیسر نعیم ارشد بھی موجود ہیں۔

# سب ڈویژنل افسران اہداف حاصل کرنے کے لئے فیلڈ میں نکلیں اور ریکوری کی خود مانیٹرنگ کریں۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو
انجینئر اقبال حسین ملیزئی

## 2 تا 3 قبل خراب ہونے والے تمام سنگل فیز اور تھری فیز میٹرز 30 جون تک تبدیل کئے جائیں۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اقبال حسین ملیزئی نے کہا ہے کہ افسران جون 2013ء کے لائن لاسز اور ریکوری کے اہداف کے حصول کے لئے ابھی سے تیاری شروع کر دیں۔ وہ میپکو ہیڈ کوارٹرز میں ملتان سرکل کے افسران سے خطاب کر رہے تھے۔ اجلاس میں کسٹمر سروسز ڈائریکٹر سعید احمد ناصر، ڈائریکٹر کمرشل ملک امتیاز احمد، سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو سرکل ملتان ملک سعید وینس، سٹاف آفیسر علی اکرم گجر، ایڈیشنل ڈائریکٹر کمرشل محمد اختر گل، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل رفیق کنول، ایڈیشنل ایس ای میپکو کینٹ ڈویژن محمد اکرم بھٹی، ایکسین سٹی رانا عبدالستار، ایکسین ممتاز آباد جاوید وینس، ایکسین موسیٰ پاک امجد نواز بھٹی، ایکسین خانیوال اخالد نذیر، ایکسین خانیوال II محمد اقبال پہوڑ نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ 20 جون تک ڈیمانڈ نوٹسز ادا کرنے والے گھریلو اور 25 جون تک ڈیمانڈ نوٹسز ادا کرنے والے کمرشل صارفین کو 30 جون 2013ء تک نئے کنکشنوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔



چیف ایگزیکٹو میپکو انجینئر اقبال حسین ملیزئی ملتان سرکل کے افسران سے خطاب کر رہے ہیں۔

سب ڈویژنل افسران اہداف حاصل کرنے کے لئے فیلڈ میں نکلیں اور ریکوری کی خود مانیٹرنگ کریں۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ کہا کہ جون 2013ء میں بجلی چوروں کے خلاف سخت کاروائی کریں اور جرمانے عائد کر کے رقم بھی وصول کی جائے۔ ملتان سرکل کے زیرانتظام آٹھوں ڈویژنوں میں جون 2013ء کے لئے ساڑھے 21 لاکھ یونٹس بجلی چوری پکڑنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2 تا 3 قبل خراب ہونے والے تمام سنگل فیز اور تھری فیز میٹرز 30 جون تک تبدیل کئے جائیں اور خراب میٹرز کو اتارنے کے بعد ایم اینڈ ٹی اے لازمی چیک کروائیں۔ انہوں نے افسران کو کہا کہ ایس ای اور ڈی ڈی ٹی کی نگرانی میں سب ڈویژنوں میں پڑے خراب ٹرانسفارمر فوری طور پر واپس کئے جائیں جبکہ ایئر کنڈیشنرز استعمال کرنے والے صارفین کی ری چیکنگ کی جائے۔ نئے اے سی چلانے والوں کو فہرست میں شامل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سرکل کے زیرانتظام علاقوں میں 5 کلوواٹ سے زائد لوڈ استعمال کرنے والے صارفین کے ٹی او ڈی میٹرز لگائے جائیں۔

## مالی سال 13-2012ء میں ایک لاکھ 56 ہزار 341 خراب اور جلے ہوئے میٹرز تبدیل

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) ریجن میں مالی سال 13-2012ء میں ایک لاکھ 56 ہزار 341 خراب اور جلے ہوئے میٹرز تبدیل کئے۔ محکمانہ پالیسی کے تحت میٹرز محکمہ کے خرچ پر تبدیل کئے گئے۔ ان میں سنگل فیز ایک لاکھ 50 ہزار 124، 6 ہزار 183 تھری فیز اور 34 ایم ڈی آئی میٹرز شامل ہیں۔ جولائی 2012ء تا اپریل 2013ء تک میپکو ملتان سرکل میں 44 ہزار 62، ڈی جی خان سرکل میں 3 ہزار 412، وہاڑی سرکل میں 10 ہزار 434، بہاولپور سرکل میں 29 ہزار 91، ساہیوال سرکل میں 15 ہزار 805، رحیم یار خان سرکل میں 20 ہزار 45، مظفر گڑھ سرکل میں 19 ہزار 586 اور بہاولنگر سرکل میں 13 ہزار 906 میٹرز تبدیل کئے گئے۔

# ایئر کنڈیشنز استعمال کرنے والے صارفین کے کنکشنوں کی چیکنگ شروع کردی جائے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر محمد شکیل

**نیب کو ایک لاکھ روپے اور اس سے زائد رقوم کے ڈیفالٹرز کی فراہم کی گئی فہرستوں کے کنکشنز فوری طور پر خود چیک کیے جائیں۔**

**صارفین کی شکایات کے ازالے میں کوتاہی برتنے والے ایس ڈی اوز اور عملہ کے خلاف محکمانہ کاروائی بھی کی جائے۔**

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر محمد شکیل نے سپرینٹنڈنگ انجینئرز کو ہدایت کی ہے کہ بجلی چور صارفین کو جرمانے کے بل درست طور پر عائد کیے جائیں تاکہ نہ صارفین اس پر اعتراض کریں اور نہ ہی محکمے کو جرمانہ بل کی تصحیح کرنی پڑے۔ جرمانہ بلوں کی تصحیح کرنے سے میں کمپنی کو مالی نقصان ہو رہا ہے اور کمپنی کا تاثر بھی صارفین میں خراب ہو رہا ہے۔ وہ میپکو ہیڈ کوارٹرز میں منعقدہ سپرینٹنڈنگ انجینئرز کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ اجلاس میں جنرل منیجر ٹیکنیکل اقبال حسین ملیزئی، جنرل منیجر آپریشن عبدالمتین خان، چیف انجینئر ٹی اینڈ جی فیض محمد کھوسہ، کسٹمر سروسز ڈائریکٹر سعید احمد ناصر، ڈائریکٹر کمرشل ملک امتیاز احمد، ایڈیشنل ڈی جی انفارمیشن سروسز میاں ندیم احمد، سٹاف آفیسر علی اکرم گجر، ایڈیشنل ڈی جی انوینٹری کنٹرول محمد یوسف گلیانی، منیجر ایم اینڈ ٹی II محمد اکرم چوہدری، منیجر ایم اینڈ ٹی I الیاس احمد، منیجر جی ایس او ساہیوال خالد مقصود، ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی، سپرینٹنڈنگ انجینئر ملتان سرکل ملک سعید احمد، مظفرگڑھ سرکل راؤ ضیاء الرحمٰن، ڈی جی خان سرکل شیخ وزیر احمد، وہاڑی سرکل محمود احمد خان، بہاولنگر سرکل عبدالستار ضیاء، بہاولپور سرکل اسلم طاہر، رحیم یار خان سرکل دلشاد احمد، ایڈیشنل ڈائریکٹر کمرشل ملتان سرکل محمد اختر گِل، ڈپٹی منیجر میٹریل مینجمنٹ صدیق اللہ خان اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ ایئر کنڈیشنز استعمال کرنے والے صارفین کے کنکشنوں کی چیکنگ شروع کردی جائے اور اعلیٰ افسران اس چیکنگ کی خود نگرانی کریں۔ ریکوری کے لئے فہرستیں قومی احساب بیورو (نیب) کو فراہم کی جا چکی ہیں لیکن افسران اپنی ذمہ داری کو محسوس کریں اور خود بھی ریکوری کے لئے جدوجہد کریں۔ نیب کو ایک لاکھ روپے اور اس سے زائد رقوم کے ڈیفالٹرز کی فراہم کی گئی فہرستوں کے کنکشنز فوری طور پر خود چیک کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ کمپلینٹ سنٹرز کی کارکردگی بھی اطمینان بخش نہیں ہے صارفین کی شکایات کے ازالے میں بہتری آنی چاہیے۔ تمام شکایات کا ترجیحی بنیادوں پر ازالہ کیا جائے اور صارفین کی شکایات کے ازالے میں کوتاہی برتنے والے ایس ڈی اوز اور عملہ کے خلاف محکمانہ کاروائی بھی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ موسم سرما میں کریشن مینٹی نینس پروگرام مکمل کیا گیا مگر گرمیاں شروع ہوتے ہی شکایات کی تعداد بتا رہی ہے کہ کام درست طور پر مکمل نہیں کیا گیا ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے ڈائریکٹر کمرشل ملک امتیاز کی تجویز پر ریجن بھر میں ٹرانسفارمرز پر نصب کیے گئے سی ٹی میٹرز کی چیکنگ کے لئے شعبہ پلاننگ اور سرویلنس ٹیم کے ڈپٹی منیجرز پر مشتمل ٹیم بنانے کی ہدایت کی ہے۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر محمد شکیل میپکو ہیڈ کوارٹرز میں منعقدہ ایس ایز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

# صنفی مساوات سے ملازمین کے کام کرنے کی صلاحیتوں میں اضافہ ممکن ہو سکے گا۔

جنرل منیجر آپریشن میپکو **عبدالمتین خان**

**انشاءاللہ میپکو میں وقت کے ساتھ ساتھ بہت سی مثبت تبدیلیاں آئیں گی جو سٹاف اور کمپنی کی کے لئے مفید ثابت ہوں گی۔ ملک امتیاز احمد**

**نمائندہ یو ایس ایڈ قرۃ العین نے ریونیو آفس ممتاز آباد میں خواتین سٹاف کے لئے فراہم کردہ سہولیات کی دستاویزات جنرل منیجر آپریشن میپکو کے حوالے کیں۔**

جنرل منیجر آپریشن میپکو عبدالمتین خان نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کو بہت سی صلاحیتوں سے نوازا ہے اور ان صلاحیتوں سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یو ایس ایڈ کے زیراہتمام منعقدہ دو روزہ "صنفی برابری کے موضوع پر منعقدہ تربیتی ورکشاپ" کے اختتام پر شرکاء میں اسناد تقسیم کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس ٹریننگ سے خواتین اور مرد ملازمین کو ایک دوسرے کے مسائل سمجھنے میں آسانی ہوگی اور اس کے ساتھ ساتھ آپس میں اعتماد کی فضا بھی بڑھے گی۔ ملازمین کے کام کرنے کی صلاحیتوں میں خاطر خواہ اضافہ ممکن ہو سکے گا۔ ڈائریکٹر کمرشل میپکو ملک امتیاز احمد نے کہا کہ اسلام میں ہمیں ہر معاملے میں برابری کا درس ملتا ہے اور خواتین نے ہر مشکل وقت کا بہادری کے ساتھ سامنا کیا۔ انشاءاللہ میپکو میں وقت کے ساتھ ساتھ بہت سی مثبت تبدیلیاں آئیں گی جو سٹاف اور کمپنی کی کے لئے مفید ثابت ہوں گی۔ نمائندہ یو ایس ایڈ قرۃ العین نے کہا کہ کسی بھی ادارے میں ملازمین کو کام کرنے کے دوران مختلف پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اگر ہم ان کو برابری کی سطح پر لے آئیں تو بہت سی پریشانیوں پر قابو پا سکتے ہیں۔ ٹریننگ کے اختتام میں جنرل منیجر آپریشن میپکو عبدالمتین خان نے ٹریننگ کے شرکاء ریونیو آفیسر میپکو ممتاز آباد ڈویژن اسد حماد، ایڈیشنل ڈی سی ایم ارم صبا، ڈپٹی منیجر او اینڈ ایم محمد مبشر رضوی، اسسٹنٹ منیجر ایڈمن محمد وجاہت علی بچہ، اسسٹنٹ منیجر کمپیوٹر محمد رفیق، اسسٹنٹ منیجر انوائرمنٹ آصف ریاض، اسسٹنٹ منیجر پلاننگ سعدیہ جاوید، جونیئر انجینئر سعد




**جنرل منیجر آپریشن میپکو عبدالمتین خان یو ایس ایڈ کے زیراہتمام "صنفی برابری کے موضوع پر منعقدہ تربیتی ورکشاپ" کے اختتام پر شرکاء میں اسناد تقسیم کر رہے ہیں۔**

شفیق، ایس ڈی او کینٹ سب ڈویژن ملتان انجینئر خواجہ حفیظ اللہ، ایس ڈی او نواں شہر سب ڈویژن محمد فیصل ممتاز، جونیئر کلرک میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان ارم ثمرین، سپروائزر ڈیٹا انٹری لبنیٰ جعفر، کمرشل اسسٹنٹ وحید مراد، نوید صدیق، اقبال پروین، نازیہ گلزار، کمپیوٹر آپریٹر محمد عدنان راؤ، محمد زبیر خان، ایل ڈی سی کنسٹرکشن ڈائریکٹوریٹ ذیشان صدیقی، سٹینو فرسٹ سمیرہ کوثر، سپروائزر ڈیٹا انٹری شمس مستور، فرزانہ ناز، فرزانہ کوثر، ڈیٹا انٹری آپریٹر عائشہ صدیق اور زرینہ زاہد، سٹینو فرسٹ ڈویلپمنٹ ڈائریکٹوریٹ رفعت تصور، ثمینہ گلزار کمرشل اسسٹنٹ، ایل ڈی سی ڈیٹا سیل نزہت، سٹینو فرسٹ مدثر یاسین، ایل ڈی سی محمد مظہر میں اسناد تقسیم کیں۔ بعد ازاں نمائندہ یو ایس ایڈ قرۃ العین نے ریونیو آفس ممتاز آباد میں خواتین سٹاف کے لئے فراہم کردہ سہولیات کی دستاویزات جنرل منیجر آپریشن میپکو کے حوالے کیں۔

☆☆☆

# میپکو کی کارکردگی

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) نے ریجن بھر میں بجلی چوروں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 71ہزار536 بجلی چور صارفین کو 63 کروڑ69لاکھ 80ہزار روپے جرمانہ عائد کیا ہے اور عائد کی گئی جرمانے کی رقم میں سے 34 کروڑ68لاکھ 70ہزار روپے وصول کر کے محکمہ کے خزانے میں جمع کروائے۔ ستمبر2012ء سے مارچ2013ء تک میپکو کے زیر انتظام آٹھوں سرکلوں میں 61ہزار123 گھریلو صارفین کو 36 کروڑ روپے سے زائد جرمانہ عائد کیا اور 20 کروڑ98لاکھ 90ہزار روپے وصول کئے۔ 2011 کمرشل صارفین کو عائد کی گئی دو کروڑ63لاکھ 80ہزار روپے جرمانے کی رقم میں سے ایک کروڑ58لاکھ روپے، 563 صنعتی صارفین کو چھ کروڑ23لاکھ 90ہزار روپے جرمانہ عائد کیا اور تین کروڑ52لاکھ 50ہزار روپے جرمانہ وصول کیا گیا اور 7ہزار839 ٹیوب ویل صارفین کو 18 کروڑ75لاکھ روپے عائد کئے گئے جرمانہ میں سے 8 کروڑ59لاکھ 30ہزار روپے کی رقم وصول کی گئی۔

☆☆☆

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) نے جنوبی پنجاب میں نئے دیہاتوں کو بجلی فراہمی کی 15ہزار505 سکیمیں مکمل کی ہیں۔ چھ سالوں میں مکمل ہونے والے ان منصوبوں پر 12ارب49 کروڑ56لاکھ 44ہزار روپے لاگت آئی ہے۔ مالی سال 08-2007ء میں 59 کروڑ71لاکھ روپے کی لاگت سے 957 سکیموں پر کام مکمل کیا گیا۔ 09-2008ء میں ایک ارب 80 کروڑ95لاکھ 63ہزار روپے سے 2ہزار507 سکیموں کو پایہ تکمیل پہنچایا گیا۔ مالی سال 10-2009ء میں دو ارب 55 کروڑ36لاکھ 76ہزار روپے سے تین ہزار 569 سکیمیں مکمل کی گئیں۔ 11-2010ء میں ایک ارب 64 کروڑ 19 لاکھ 52ہزار روپے کی لاگت سے 2ہزار640 سکیموں پر کام مکمل کیا گیا۔ مالی سال 12-2011ء میں تین ارب 61 کروڑ87لاکھ 53 ہزار روپے کی لاگت سے 5 ہزار 281 سکیمیں اور مالی سال 13-2012ء میں 2ارب27 کروڑ46لاکھ روپے کی لاگت سے 551 سکیموں پر کام مکمل کیا گیا۔

☆☆☆

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) نے نئے کنکشنوں کی فراہمی اور سسٹم کی بہتری کے لئے مالی سال 13-2012ء کے دوران 13 کروڑ68لاکھ 55ہزار روپے کی لاگت سے کل 461 ٹرانسفارمر اپ گریڈ کئے ہیں۔ ان میں 10 سے 25 کے وی پر 15، 15 سے 25 کے وی پر 20، 15 سے 50 کے وی اے کے ایک، 25 سے 50 کے وی پر 79، 50 سے 100 کے وی پر 152، 100 سے 200 کے وی پر 102، 25 کے وی اے کے مزید 5، 50KV کے مزید 17، 100KVA کے 66 اور 200 کے وی کے مزید 4 ٹرانسفارمر شامل ہیں۔ جولائی 2012ء سے اپریل 2013ء کے دوران ملتان سرکل میں 2 کروڑ61لاکھ 26ہزار روپے سے مختلف استعداد کار کے 81، ڈی جی خان سرکل میں 41لاکھ 10ہزار روپے سے 20، وہاڑی سرکل میں 2 کروڑ19لاکھ 41ہزار روپے لاگت سے 68، بہاولپور سرکل میں 2 کروڑ36لاکھ 56ہزار روپے سے 93، رحیم یار خان سرکل میں ایک کروڑ10 لاکھ روپے کی لاگت سے 32، مظفر گڑھ سرکل میں 2 کروڑ77لاکھ 30ہزار روپے سے 96 اور بہاولنگر سرکل میں 2 کروڑ24 لاکھ 42ہزار روپے کی لاگت سے 71 ٹرانسفارمر اپ گریڈ کئے ہیں۔

☆☆☆

# اعلانات و پرموشن




ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اتھارٹی نے چیف انجینئر (او اینڈ ایم) ڈسٹری بیوشن میپکو ملتان انجینئر عبدالمتین خان کو جنرل منیجر آپریشن کی اضافی ذمہ داریاں سونپ دی ہیں۔انہوں نے عہدے کی ذمہ داریاں سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے۔ وہ میپکو آپریشن سرکلز بہاولپور، وہاڑی، بہاولنگر اور ساہیوال کے زیرانتظام خدمات سرانجام دینے والے 17 ویں سکیل کے افسران کے کیسز سننے کی مجاز اتھارٹی بھی ہوں گے۔

☆☆☆



ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اتھارٹی نے منیجر پروکیورمنٹ میپکو شہباز احمد خان کو چیف انجینئر ڈویلپمنٹ میپکو کی خالی آسامی کا تین ماہ کے لئے چارج دیدیا ہے۔ انہوں نے گزشتہ روز اپنی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔ان کے پیش رو چیف انجینئر ڈویلپمنٹ محمد رمضان قمر اپنی سروس سے ریٹائر ہو گئے ہیں۔

☆☆☆



ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اتھارٹی نے منیجر کارپوریٹ اکاؤنٹس میاں انصار احمد کو فنانس ڈائریکٹر میپکو کی ذمہ داریاں سونپ دی ہیں۔انہوں نے ذمہ داریاں سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے۔

☆☆☆



ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اتھارٹی نے میجر (ر) فرخ جاوید گھمن کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری سے منیجر ٹرانسپورٹ اینڈ سیکیورٹی کے عہدے پر تعینات کر دیا ہے۔ واضح رہے کہ وہ اس سے قبل منیجر سیکیورٹی کے فرائض سرانجام دے رہے تھے۔



میپکو اتھارٹی اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیگل میپکو ملک امیر عباس سامٹیہ کو سلیکشن بورڈ کی منظوری سے ڈپٹی ڈائریکٹر لیگل بنیادی سکیل 18 میں ترقی دے دی ہے

☆☆☆



ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) سٹی ڈویژن ملتان کے ایگزیکٹو انجینئر آپریشن انجینئر رانا عبدالستار نے اپنی ذمہ داریاں سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے۔ میپکو اتھارٹی نے چند روز قبل انہیں شعبہ پلاننگ اینڈ انجینئرنگ سے آپریشن سٹی ڈویژن ملتان تعینات کیا تھا۔ اس سے قبل وہ ملتان شہر میں بطور سب ڈویژنل آفیسرز اور ایکسین صادق آباد ڈویژن کے عہدے پر فرائض سرانجام دے چکے ہیں۔

☆☆☆

## 29 میپکو ملازمین کو میرج گرانٹ دے دی گئی

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اتھارٹی نے 29 ملازمین کو بچیوں کی شادی کے لئے مجموعی طور پر 5 لاکھ 80 ہزار روپے میرج گرانٹ دینے کے احکامات جاری کئے ہیں۔ یہ رقم تمام ملازمین میں 20 ہزار روپے فی کس کے حساب سے تقسیم کی جائے گی۔ لائن مین سیکنڈ شریف احمد، حماد احمد، جاوید اقبال، لائن مین فرسٹ عبداللطیف، محمد فاروق، اسسٹنٹ لائن مین محمد انور، محمد ایوب، محمد شبیر، محمد اسد اللہ، غلام اصغر، محمد شاہد، بل ڈسٹری بیوٹر الطاف حسین، فرخ شہزاد، عبدالقیوم، کمرشل اسسٹنٹ محمد وحید، میٹر ریڈر جاوید اختر، محمد عتیق، غلام مرتضی، ایس ایس او سیکنڈ محمد احمد، ایل ڈی سی محمد عمران، نائب قاصد مقصود احمد، سویپر شریف مسیح، لائن فورمین سیکنڈ محمد حسین، لیب اسسٹنٹ محمد قمر عباس، ویٹر محمد اشرف، سیکیورٹی گارڈ محمد لطیف، لائن سپرنٹنڈنٹ فرسٹ محمد تنویر، محمد شفیق اور سٹینو سیکنڈ نوید بیگ شامل ہیں۔

# پروموشن/اپ گریڈیشن



میپکو اتھارٹی نے سپریٹنڈنگ انجینئر سے چیف انجینئر کے عہدے پر ترقی پانے والے انجینئر عبدالرشید طارق کو چیف انجینئر ٹی اینڈ جی میپکو تعینات کر دیا ہے۔انہوں نے اپنے عہدے کی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔



میپکو اتھارٹی نے سپریٹنڈنگ انجینئر سے چیف انجینئر کے عہدے پر ترقی پانے والے انجینئر چوہدری محمد ارشد کو چیف انجینئر پلاننگ میپکو تعینات کر دیا ہے۔انہوں نے اپنے عہدے کی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔



میپکو اتھارٹی نے سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو سرکل بہاولپور انجینئر محمد اسلم طاہر کو کرنٹ چارج بنیادوں پر چیف انجینئر (او اینڈ ایم) ڈسٹری بیوشن میپکو ملتان تعینات کر دیا ہے۔انہوں نے اپنی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔



میپکو اتھارٹی نے ڈپٹی منیجر ایڈمن میپکو لیاقت علی میمن کو ترقی دیکر منیجر ایڈمن میپکو ہیڈ کوارٹرز ملتان تعینات کر دیا ہے۔ انہوں نے اپنی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اتھارٹی نے 15 افسران کو ترقی دینے اور 22 افسران کی اپ گریڈیشن کے احکامات جاری کر دیئے ہیں۔ پروموشن/سلیکشن بورڈ کی منظوری سے بنیادی سکیل 17 میں خدمات سرانجام دینے والے 15 ایس ڈی اوز/جونیئر انجینئرز کو سینئر انجینئرز گریڈ 18 میں ترقی دیدی ہے ان افسران میں ایس ڈی او حسن پروانہ محمد وسیم اختر، ایڈیشنل ایکسین پاور کنٹرول سنٹر محمد اصغر لنگاہ، ایڈیشنل ایکسین فیصل ٹاؤن وہاڑی عبدالحمید شیخ، ایس ڈی او فاضل پور راجیش کمار راٹھی، ایڈیشنل ڈپٹی منیجر گرڈ ساہیوال کاشف مقبول، ایڈیشنل ایکسین کنسٹرکشن وہاڑی ساجد حسین گوندل، ایڈیشنل ڈپٹی منیجر پلاننگ محمد رضا ظفر، ایڈیشنل ایکسین اچ شریف سجاد حسین طارق، ایڈیشنل ایکسین احمد پور ایسٹ II ڈویژن عبدالحفیظ بھٹی، ایس ڈی او محمد حسنین شکیل، ایڈیشنل ایکسین جمال دین والی سب ڈویژن انصاف علی بروہی، ایڈیشنل ایکسین جناح سب ڈویژن رحیم یار خان شہزاد حبیب گل، ایڈیشنل ایکسین کنسٹرکشن ڈویژن لیہ عمران مجید، ایڈیشنل ایکسین چشتیاں ڈویژن محمود الحسن عباسی اور ایڈیشنل ایکسین مظفر گڑھ II ڈویژن خالد حسین شامل ہیں بنیادی سکیل 17 سے بنیادی سکیل 18 میں اپ گریڈ ہونے والے 22 افسران میں راجیش کمار راٹھی، محمد وسیم اختر، محمد ثاقب، غلام رسول سکھیرا، نور احمد کھوسو، شمس الحق، فیصل ظفر، عرفان بشیر، محمد شیراز غفور، محمد حیات ٹنیو، میاں قیصر عباس، عبدالوحید لاڑک، ساجد محمود، محمد راشد نذر، وقاص خان خاکوانی، ثناء اللہ ظفر، طاہر علی، عبدالواحد چھٹو، ملک محمد ساجد ڈومرا، محمد طارق اسماعیل، جمال الدین اور محمد زاہد قربان شامل ہیں۔اپ گریڈ ہونے والے تمام افسران اپنے عہدوں کے ساتھ ایڈیشنل ایگزیکٹو انجینئر/سینئر انجینئر کے الفاظ استعمال کر سکیں گے۔

# میپکو، یوایس ایڈ اور انسٹی ٹیوٹ آف سدرن پنجاب کے زیر اہتمام توانائی بچاؤ ریلی

میپکو، یوایس ایڈ اور انسٹی ٹیوٹ آف سدرن پنجاب کے زیر اہتمام توانائی بچاؤ ریلی نکالی گئی جس میں 2 ہزار سے زائد طلباء طالبات نے شرکت کی۔ مہمان خصوصی جنرل منیجر ٹیکنیکل میپکو محمد اقبال حسین ملیزئی نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ بجلی کے بحران میں ہر شخص نے اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ خاص طور پر نوجوان نسل کو توانائی بچت مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ توانائی کے بغیر ہمارا معاشی طور پر مستحکم ہونا ناممکن ہے۔ اب وقت آگیا ہے کہ ہم بجلی کی بچت کے اصولوں پر عمل کریں اور اس بحران سے نجات حاصل کریں۔ انسٹی ٹیوٹ آف سدرن پنجاب کے ریکٹر عاصم نذیر احمد نے یوایس ایڈ اور میپکو کی بجلی بچت کے متعلق اس اقدام کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ بحیثیت قوم ہم متحد ہو کر اس مسئلے پر قابو پا سکتے ہیں۔ بجلی ہمیں صرف اپنی ضرورت کے مطابق استعمال کرنی چاہئے اور ضائع کرنے سے گریز کرنا چاہئے۔ ایڈیشنل چیف انجینئر میپکو چوہدری محمد اکرم نے کہا کہ توانائی کے اس بحران کی وجہ سے ہمارے ملک کو معاشی طور پر بہت نقصان ہو رہا ہے۔




میپکو، یوایس ایڈ اور آئی ایس پی کے باہمی اشتراک سے بجلی کی بچت کے شعور کو اجاگر کرنے کے لئے منعقدہ واک میں جنرل منیجر ٹیکنیکل محمد اقبال حسین ملیزئی، ریکٹر آئی ایس پی عاصم نذیر، ایڈیشنل چیف انجینئر چوہدری محمد اکرم، ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی، ایڈیشنل ایس ای میپکو کینٹ ڈویژن محمد اکرم بھٹی، ایکسین موسی پاک ڈویژن امجد نواز بھٹی اور دیگر شریک ہیں۔

بجلی کے بغیر زندگی کا تصور ممکن نہیں ہے اور موجودہ دور میں اس بحران سے نمٹنے کا فوری ذریعہ بچت میں ہے۔ اپنے گھروں میں غیر ضروری روشنی سے اجتناب کیا جائے۔ ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی نے انسٹی ٹیوٹ آف سدرن پنجاب اور یوایس ایڈ کی بجلی بچت کے حوالے سے کی جانیوالی کاوشوں کو سراہا اور نوجوان نسل پر زور دیا کہ وہ بچت کے متعلق ان اصولوں پر عمل کر کے اپنا کردار ادا کریں۔ قبل ازیں میپکو، یوایس ایڈ اور آئی ایس پی کے زیر اہتمام بجلی بچت کی آگاہی کے سلسلہ میں واک کا اہتمام کیا گیا جس میں میپکو اور انسٹی ٹیوٹ کے افسران اور 2 ہزار سے زاہد طلباء نے شرکت کی۔ جنرل منیجر ٹیکنیکل میپکو محمد اقبال حسین ملیزئی اور ریکٹر انسٹی ٹیوٹ آف سدرن پنجاب عاصم نذیر احمد نے انسٹی ٹیوٹ میں پودا بھی لگایا۔ بعدازاں تقریب کے شرکاء میں شیلڈز بھی تقسیم کی گئیں۔ تقریب میں ایڈیشنل سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو کینٹ ڈویژن محمد اکرم بھٹی، ایکسین موسی پاک ڈویژن امجد نواز بھٹی، ایس ڈی او بوسن روڈ سب ڈویژن بابر گجر اور نمائندہ یوایس ایڈ قاسم علی خواجہ نے بھی شرکت کی۔



میپکو، یوایس ایڈ اور آئی ایس پی کے باہمی اشتراک سے بجلی کی بچت کے شعور کو اجاگر کرنے کے لئے منعقدہ تقریب سے جنرل منیجر ٹیکنیکل اقبال حسین ملیزئی، ریکٹر آئی ایس پی عاصم نذیر، ایڈیشنل چیف انجینئر چوہدری محمد اکرم، ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی اور دیگر خطاب کر رہے ہیں۔

# یوایس ایڈ کے تعاون سے میپکو ریجن کے تمام گرڈ اسٹیشنز پر اے ایم آر میٹرز نصب کرنے کا فیصلہ

یوایس ایڈ کی جانب سے اس جدید ترین سسٹم کی فراہمی قابل تعریف امر ہے اس سسٹم سے میپکو کو اپنے ڈسٹری بیوشن سسٹم کے بارے میں مسلسل آگاہی رہے گی۔ انجینئر محمد شکیل

ان میٹرز کی تنصیب سے میپکو انتظامیہ پورے ریجن میں فیڈرز کو کنٹرول کر سکے گی۔ نمائندہ یوایس ایڈ شفیق الرحمٰن

میپکو پاور کنٹرول سنٹر میں اس جدید نظام کی آپریشنل مشینری کی تنصیب جلد شروع کر دی جائے گی۔ جنرل منیجر ٹیکنیکل میپکو محمد اقبال حسین ملیزئی

یوایس ایڈ کی معاونت سے اے ایم آر میٹرز کی تنصیب کا جائزہ لینے کیلئے چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر محمد شکیل نے 132KV خانیوال روڈ گرڈ اسٹیشن کا دورہ کیا۔ گرڈ اسٹیشن کے دورے کے موقع پر نمائندہ یو ایس ایڈ شفیق الرحمٰن نے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ بوسن روڈ گرڈ اسٹیشن کے بعد اب خانیوال روڈ گرڈ اسٹیشن کے تمام 11KV فیڈرز پر یوایس ایڈ کے تعاون سے نئے اے ایم آر میٹرز نصب کر دیے گئے ہیں۔ ان میٹرز کی تنصیب سے ان فیڈرز پر چلنے والے لوڈ اور بجلی کے استعمال کے بارے میں معلومات میپکو انٹرنیٹ کے ذریعے حاصل کر سکے گی۔ شفیق الرحمٰن نے بتایا کہ ان میٹرز کی تنصیب میپکو ریجن کے تمام گرڈ اسٹیشنز پر کی جائے گی اور ان کا کنٹرول روم میپکو ہیڈ کوارٹر میں بنایا جائے گا جس کی بدولت میپکو انتظامیہ پورے ریجن میں فیڈرز کو کنٹرول کر سکے گی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر محمد شکیل نے کہا کہ یوایس ایڈ کی جانب سے اس جدید ترین سسٹم کی فراہمی قابل تعریف امر ہے اس سسٹم سے میپکو کو اپنے ڈسٹری بیوشن سسٹم کے بارے میں مسلسل آگاہی رہے گی اور موثر کنٹرول بھی حاصل ہو جائے گا۔ اس موقع پر جنرل منیجر ٹیکنیکل میپکو محمد اقبال حسین ملیزئی نے کہا کہ میپکو پاور کنٹرول سینٹر میں اس جدید نظام کی آپریشنل مشینری کی تنصیب جلد شروع کر دی جائے گی۔ جنرل منیجر آپریشن عبدالمتین خان، چیف انجینئر ڈویلپمنٹ محمد رمضان قمر، چیف انجینئر اوا ینڈ ایم فیض کھوسہ، منیجر پروکیورمنٹ شہباز احمد خان، ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی اور سینئر پراجیکٹ کوآرڈی نیٹر یوایس ایڈ چوہدری عبدالغفور بھی اس موقع پر موجود تھے۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر محمد شکیل اور اعلیٰ افسران 132KV خانیوال روڈ گرڈ اسٹیشن پر نئے اے ایم آر میٹرز کی تنصیب کا جائزہ لے رہے ہیں۔

## لوڈ مینجمنٹ کا شیڈول میپکو ویب سائٹ پر

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) انتظامیہ نے لوڈ مینجمنٹ کا حالیہ شیڈول میپکو کی ویب سائٹ www.mepco.cpm.pk پر اپ لوڈ کر دیا ہے۔ صارفین اپنے فیڈر کا شیڈول ویب سائٹ سے دیکھ سکتے ہیں اور اس میں وقتاً فوقتاً آنے والی تبدیلیاں اپ لوڈ کی جاتی رہیں گی۔

☆☆☆

# میپکو اور یو ایس ایڈ کے باہمی اشتراک سے بجلی بچت کے سلسلہ میں سیمینار کا اہتمام

میپکو اور یو ایس ایڈ کے باہمی اشتراک سے مور جھنگی وہوا ڈی جی خان میں بجلی بچت کے سلسلہ میں سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں کثیر تعداد میں کاشتکاروں اور خواتین نے شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ایس ڈی او وہوا سب ڈویژن ڈی جی خان رحمت اللہ شاہ نے کہا کہ لوڈ شیڈنگ ہمارا قومی مسئلہ ہے اور اس مسئلہ سے نجات کے لئے ہم سب کو مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ بجلی کی طلب روز بروز بڑھ رہی ہے اور پیداوار کم ہے۔ صارفین بجلی کی پیداوار کے منصوبے مکمل ہونے تک بجلی کفایت شعاری سے استعمال کریں۔ بجلی کے زیادہ استعمال کے اوقات شام 6 بجے سے رات 11 بجے تک احتیاط سے بجلی استعمال کریں۔ کاشتکار بھی پیک آورز میں اپنی ٹربائنیں اور ٹیوب ویل نہ چلائیں۔ کاشتکار بجلی کے ضیاع کو روکنے کے لئے اپنے ٹیوب ویلوں پر کپیسٹرز نصب کریں اس سے وولٹیج کی کمی کا مسئلہ بھی نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ صارفین انرجی سیور کو ترجیح دیں اور عام بلب کا استعمال ہرگز نہ کریں۔ استری اور واشنگ مشین کو آف پیک آورز میں استعمال کریں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی چوری کرنا بھی گناہ ہے۔ صارفین بجلی چوری نہ کریں اور اگر کہیں بجلی چوری ہو رہی ہو تو اس کی اطلاع میپکو کے ٹول فری نمبر 0800-84338 پر دیں تاکہ بجلی چوروں کے خلاف کاروائی کی جاسکے۔ اصغر بلوچ نے کہا کہ سیمینار کرنے کا مقصد صارفین کو بجلی بچت کے بارے میں آگاہی دینا ہے۔ اگر ان گزارشات پر عمل کریں گے تو نہ صرف بجلی کی بچت ہوگی بلکہ بلوں میں بھی نمایاں کمی آئے گی۔ سماجی رہنما بشیر احمد نے کہا کہ ہم میپکو کے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے سیمینار کے انعقاد کے لئے ہمارے علاقے کا انتخاب کیا۔ ہم بجلی بچت کے لئے انتظامیہ کے ساتھ ہر ممکن تعاون کریں گے اور صارفین کو خود بھی بچت کے حوالے سے ترغیب دیں گے۔



ایس ڈی او میپکو وہوا سب ڈویژن ڈی جی خان رحمت اللہ شاہ، اصغر بلوچ اور بشیر احمد بجلی بچت کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں۔

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے 5 اسسٹنٹ ڈائریکٹرز ایڈمن نے ڈپٹی ڈائریکٹرز ایڈمن کے عہدے پر ترقی کے محکمانہ امتحان میں کامیابی حاصل کرلی ہے۔ بنیادی سکیل 17 سے بنیادی سکیل 18 کے محکمانہ ترقی امتحان میں اسسٹنٹ ڈائریکٹرز ایڈمن میپکو ہیڈ کوارٹرز ملتان محمد وجاہت علی بچہ، حیدر عثمان، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایڈمن میپکو ملتان سرکل عبدالرزاق کاشف، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایڈمن کنسٹرکشن ڈائریکٹوریٹ میپکو ملتان سہیل عباس، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایڈمن میپکو سرکل ساہیوال محمد اکرم نے کامیابی حاصل کی۔



وجاہت بچہ



حیدر عثمان



عبدالرزاق کاشف



سہیل عباس



محمد اکرم

# اللہ کے ناپسندیدہ لوگ (قرآن حکیم کی روشنی میں)



تحریر: خضر حیات
اسسٹنٹ پروموشن سیل
میپکو ہیڈکوارٹر ملتان

''خدا زیادتی کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا''۔ (البقرہ۔۱۹۰)

''تو خدا بھی کافروں کو دوست نہیں رکھتا''۔ (آل عمران۔۳۲)

''اور خدا ظالموں کو دوست نہیں رکھتا''۔ (آل عمران۔۵۷)

''اللہ تکبر کرنے والے بڑائی مارنے والے کو دوست نہیں رکھتا''۔ (النساء۔۳۶)

''اللہ تعالیٰ خائن اور مرتکب جرائم کو دوست نہیں رکھتا''۔ (النساء۔۱۰۷)

''اللہ تعالیٰ فساد کرنیوالوں کو دوست نہیں رکھتا''۔ (المائدہ۔۶۴)

''اللہ تعالیٰ حد سے بڑھنے والوں کو دوست نہیں رکھتا''۔ (المائدہ۔۸۷)

''اور بے جا نہ اُڑانا کے اللہ تعالیٰ بے جا اُڑانے والوں کو دوست نہیں رکھتا''۔ (انعام۔۱۴۱)

''کچھ شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ دغا بازوں کو دوست نہیں رکھتا''۔ (انفال۔۵۸)

''اللہ تعالیٰ سرکشوں کو ہرگز پسند نہیں کرتا۔'' (النحل۔۲۳)

''بے شک اللہ تعالیٰ کسی خیانت کرنے والے اور کفران نعمت کرنے والے کو دوست نہیں رکھتا'' (الحج۔۳۸)

''اللہ تعالیٰ اِترانے والے کو پسند نہیں کرتا'' (القصص۔۷۶)

''حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ایک مرتبہ حضرت عزرائیل علیہ السلام سے فرمایا کہ میں وہ منظر دیکھنا چاہتا ہوں جب تم اللہ تعالیٰ کے نافرمان و ناپسندیدہ شخص کی روح قبض کرتے ہو۔ انبیاء کرام کی قوت مشاہدہ انتہائی غیر معمولی ہوتی ہے اور پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام جو آگ میں ڈالے جاتے وقت نہ گھبرائے، لیکن عزرائیل علیہ السلام نے کہ کے آپ میں تاب نظارہ نہیں ہے لیکن جب انہوں نے اصرار کیا تو حضرت عزرائیل علیہ السلام نے فرمایا کہ اپنے پیچھے دیکھیں، انہوں نے جب دیکھا تو بے ہوش ہو کر گر پڑے، بڑی دیر بعد جب ہوش آیا تو حضرت عزرائیل علیہ السلام نے بتایا کہ آپ کو تو میں نے ابھی صرف وہ حلیہ دکھایا تھا جس شکل میں روح قبض کرتا ہوں، اور یہ اذیت تو اس اذیت کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں جو میں جان نکالتے وقت نافرمانوں کو دیتا ہوں۔

حدیث شریف میں آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ناپسندیدہ اور نافرمان لوگوں کو قبر میں قیامت تک جو سانپ ڈستے رہیں گے اُن میں سے اگر ایک بھی زمین پر اپنی پھنکار مارے تو قیامت تک زمین پر گھاس نہیں اُگے گا اور قبر اُن پر اسطرح تنگ ہوتی ہے کہ ان کی پسلیاں ایک دوسرے میں اسطرح پیوست ہو جاتی ہیں جیسے دو ہاتھوں کی انگلیاں ایک دوسرے میں مل جاتی ہیں۔ آج دُنیا کی چند روزہ زندگی نے ہمیں فریب دیا اور گانا بجانا، بے حیائی، دھوکہ، جھوٹ، ناچ گانا کو شیطان نے ہماری نگاہ میں بھلا کر دکھایا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو سچی توبہ کرنے اور اس پر قائم رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## رجب المرجب

ساتواں اسلامی مہینہ رجب المرجب ہے۔اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ رجب ترجیب سے ماخوذ ہے۔اور ترجیب کے معانی تعظیم کے ہیں۔اہل عرب اس مہینہ کو اللہ کا مہینہ کہتے ہیں۔

اس مہینہ میں پیش آنے والے اہم واقعات یہ ہیں۔

☆ اس مہینہ کی چار تاریخ کو جنگ صفین پیش آئی۔

☆ اس مہینہ کی ستائیسویں رات کو محبوب خدا ﷺ نے معراج شریف کی۔جس میں آسمانی سیر جنت اور دوزخ کا ملاحظہ کرنا اور دیدار الٰہی سے مشرف ہونا تھا۔

☆ اس مہینہ کی اٹھائیسویں تاریخ کو سید الکونین حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ کو مبعوث فرمایا گیا۔

☆ اس ماہ میں اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر رحمت و مغفرت انڈیلتا ہے۔اس میں عبادتیں مقبول اور دعائیں مستجاب ہوتی ہیں۔

☆ ۱۵۔رجب کو تحویل قبلہ کا حکم ہوا

رسول پاک ﷺ کا ارشاد ہے کہ جب رجب المرجب کا چاند دیکھو تو یہ دعا پڑھو۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا رَجَبَ وَ شَعْبَانَ وَ بَلِّغْنَااِلٰی شَھْرِ رَمَضَان۔


رجب المرجب کے مہینہ میں روزے رکھنے کا بڑا ثواب ہے۔رسول معظم ﷺ کا ارشاد ہے۔

### رجب میں نفلی روزوں کی فضیلت

رجب ایک عظیم الشان مہینہ ہے۔اس میں اللہ تعالیٰ نیکیوں کو دگنا کر دیتا ہے۔جو آدمی رجب کا ایک دن کا روزہ رکھتا ہے گویا اس نے سال بھر کے روزے رکھے ہیں۔اور جو کوئی رجب کے سات دن کے روزے رکھے تو اس پر دوزخ کے سات دروازے بند کئے جائیں گے۔اور جو کوئی اس کے آٹھ دن کے روزے رکھے تو اس کے لئے جنت کے آٹھ دروازے کھولے جائیں گے۔اور جو آدمی رجب کے دس دن کے روزے رکھے گا تو اللہ کریم سے جس چیز کا سوال کرے گا۔وہ اسے دے گا۔اور جو کوئی رجب کے پندرہ دن کے روزے رکھے گا تو آسمان سے ایک منادی ندا کرے گا کہ تیرے گذشتہ گناہ معاف ہو گئے ہیں۔اور نئے سرے سے عمل شروع کر۔اور جو زیادہ روزے رکھے گا تو اللہ کریم اسے زیادہ دے گا۔

# معزز گھریلو صارفین:

میپکو آپ کے گھروں کو روشن رکھنے اور آپ کو بجلی کی معیاری سہولیات پہنچانے کے لیے ہمیشہ سے کوشاں ہے۔ آج ہمارا ملک بجلی کے بحران کا سامنا کر رہا ہے۔ آیئے بحیثیت ذمہ دار شہری ملک کو اس بحران سے نکالنے میں اپنا کردار ادا کریں، کیونکہ ایک میگاواٹ بجلی بنانے سے بہتر ہے ایک میگاواٹ بجلی بچانا۔ میپکو کی جانب سے چند تجاویز پیشِ خدمت ہیں، جن پر عمل کر کے آپ بجلی کی بچت کو فروغ دے سکتے ہیں۔ اس سے نہ صرف آپکا بجلی کا بل کم ہو جائے گا بلکہ آپ ایک قومی مسئلہ کے حل میں اپنا کردار ادا کر سکیں گے۔



MULTAN ELECTRIC POWER COMPANY
MEPCO

## برائے مہربانی! بجلی کے بحران کو میپکو کے ہم قدم ہو کر ختم کریں۔

- آج سے تہیہ کر لیں کہ عام بلب کے بجائے انرجی سیور کا استعمال کریں گے۔
- کمرے سے باہر نکلتے وقت تمام غیر ضروری بتیاں اور پنکھے بند کر دیں گے۔
- کوشش کریں گے کہ استری اور واشنگ مشین دن کے وقت استعمال کریں۔
- ایئر کنڈیشنر اور فریج کی تھرموسٹیٹ مطلوبہ ٹھنڈک پر رکھیں گے۔
- ٹی۔وی، موبائل اور چارجر کو سٹینڈ بائی پر نہیں چھوڑیں گے۔
- ہم یاد رکھیں گے کہ ہماری تھوڑی سی بچت کسی دوسرے بھائی کا گھر روشن کر سکتی ہے۔

پیامِ روشنی
ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)
www.mepco.com.pk

اپنی شکایات کے اندراج اور مزید معلومات کے لیے ہم سے ان نمبروں پر رابطہ کریں۔
**061-9220321-22**

بجلی چوری کی اطلاع دینے کے لیے۔
**0800-84338**